مشق ولہجہ

ابتدائی ایک سپارے میں تجوید کی مشق کے بعد قرآن مجید کی گردان ہی میں حدر (روانی کے ساتھ قرآن پڑھنے) کی مشق بھی کروائی جاتی ہے اور ساتھ ساتھ طالب علم کو حجازی اور عربی لہجے اور شوق رکھنے والے کو طلبہ کو قراءت سبعہ وعشرہ پرلانے کی کوشش کی جاتی ہے جس کے لئے انتہائی خوش الحان قراء حضرات خدمات سرانجام دیتے ہیں اور مشق کے ساتھ طلبہ کے درمیان خوش الحانی کا مقابلہ بھی کروایا جاتا ہے، اس کورس میں قرآن مجید کے بنیادی قواعد کو سمجھانے اور عملی مشق کروانے کے لئے مندرجہ ذیل درسی کتب بھی پڑھائی جاتی ہیں:

- جمال القرآن
- فوائد مکیہ
- المقدمۃ الجزریہ

مسائل کورس برائے حفاظ طلبہ

سند یافتہ حفاظِ کرام معاشرے میں نمازِ تراویح پڑھانے اور امامت کروانے کے ساتھ جمعہ پڑھانے کا موقع میسر آتا ہے، اسی ضرورت کے پیشِ نظر شعبہ قرأت وتجوید کے ضمن میں ہی ایک مختصر مگر بے حد مفید نصاب پڑھانے کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں عبادات کے اہم اور بنیادی مسائل پڑھائے جاتے ہیں تاکہ حفاظ امامت کے لئے اہل ہوسکیں۔

11 تحفیظ القرآن (برائے طالبات)

MEMORIZATION OF QURAN FOR WOMEN

طالبات کے لئے بھی مستقل قاعدہ، ناظرہ، حفظِ قرآن اور تجوید کا شعبہ قائم ہے، اس شعبہ میں تمام عملہ معلمات پر مشتمل ہے جو چھوٹی بڑی بچیوں کو قرآن مجید کی تعلیم فراہم کرتا ہے ان تمام طالبات کو قرآن مجید کی تعلیم کے ساتھ ساتھ عصری تعلیم بھی دی جاتی ہے۔